# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## کاشتکار اگیتی کپاس سے بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ ٹرپل جین اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

**لاہور27مارچ2024**:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے صرف محکمہ زراعت کی منظور شدہ ٹرپل جین اقسام کا تصدیق شدہ 75 فیصد سے زیادہ اگاؤ والا 4 تا5 کلوگرام اور 60 فیصد والا 5 تا 6 کلوگرام بُراترا ہوا بیج استعمال کریں۔پودوں کی فی ایکڑ تعداد وقت کاشت، زمین کی زرخیزی ،ثمر دار شاخوں کی لمبائی ،غیر ثمر دار شاخوں کی تعداد اور بیج کی قسم پر منحصر ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ کپاس کے کاشتکار اگیتی کپاس سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے ٹرپل جین منظور شدہ اقسام **سی کے سی 5 ،سی کے سی 1 ،غوری 2،سی کے سی 6 اور آئی سی ایس 386** کی کاشت 31 مارچ تک پنجاب کے اُن تمام علاقہ جات جہاں کپاس لگائی جا سکتی ہے، مکمل کر لیں جبکہ ملتان،لودھراں ، بہاولپور، وہاڑی ، خانیوال،ڈی جی خان ،رحیم یار خان ، بہاولنگر ،راجن پور،مظفر گڑھ،لیہ،فیصل آباد اور ساہیوال کے اضلاع میں کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے منظور شدہ ٹرپل جین اقسام **سی کے سی 3 اور حتف 3** کی کاشت 31 مارچ مکمل کر لیں۔کاشتکار 31 مارچ تک کاشت کیلئے قطاروں کا باہمی فاصلہ 2.5 فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 1.5 تا 2 فٹ رکھیں۔کپاس کے کاشتکار پودوں کی فی ایکڑ سفارش کردہ تعداد کے حصول کیلئے بیج کی روئیدگی کا ٹیسٹ پہلے کروا لیں۔کاشتکار بیج کی خریداری سے قبل سرٹیفائیڈ بیج کے بیگ پر کمپنی کے لیبل اور تصدیقی ٹیگ کو لازماً چیک کریں۔

☆☆☆☆